© rasailojaraid.com

| | | |
|---|---|---|
| الثّانی : | محمد عمر بن عبد الحمید عامر | ۸۸٪ |
| الثالث : | عبد الرحمٰن بن عبد الرحیم | ۸۲٪ |
| الثالث : | عبد العزیز افغانی | ۸۲٪ |

## غیر ملکی طلباء

الفصل الخاص (الف)

| پوزیشن | نام طالب علم | ملک | کل نمبر | حاصل کردہ نمبر | فی صد |
|---|---|---|---|---|---|
| الاوّل : | عصمت فوزی | (لیبیا) | ۲۸۰ | ۲۰۵ | ۷۳٫۲۱ |
| الثانی : | متاعیں | (ملائشیا) | ۲۸۰ | ۲۰۲ | ۷۲٫۱۴ |
| الثالث : | میدی ایکہ | (〃) | ۲۸۰ | ۲۰۱ | ۷۱٫۷۸ |

الفصل الخاص (ب)

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| الاوّل : | ابو الحسین | (انڈونیشیا) | ۲۴۰ | ۲۰۵ | ۸۵٫۴۱ |
| الثّانی : | ابو الازہر | (ملائشیا) | ۲۴۰ | ۲۰۳ | ۸۴٫۵۸ |
| الثالث : | ابو یونس | (انڈونیشیا) | ۲۴۰ | ۱۸۳ | ۷۶٫۲۵ |

(مدیر الامتحانات)

---

الحمد للہ جامعہ علوم اثریہ ترقی کی راہوں پر گامزن، اپنی منزل کی طرف رواں دواں ہے۔ طلبائے جامعہ نے مؤرخہ ۱۱، ۱۲ / نومبر کو جامعہ سلفیہ فیصل آباد میں آل پاکستان سٹوڈنٹس فیڈریشن کے زیرِ اہتمام منعقد ہونے والے آل پاکستان تربیتی کیمپ میں شرکت کی۔ اس کیمپ میں مختلف مقابلہ جات کے پروگرام بھی تھے۔ بحمد اللہ جامعہ علوم اثریہ کے طلباء نے تمام مقابلہ جات میں حصہ لیا اور نمایاں پوزیشنیں حاصل کیں۔

تفصیلات کے مطابق سیرت نگاری کے مقابلہ میں جامعہ کے ہونہار طالبِ علم عبد الشکور گوندل اور رضوان الٰہی نے البدر گروپ کے تحت پہلی پوزیشن حاصل کی، مقابلہ حسنِ قرأت میں جامعہ کے آخری سال کے طالبِ علم محمد احمد محمدی نے دوسری پوزیشن حاصل کی، جب کہ مقابلہ مضمون نویسی میں راقم الحروف نے تیسری پوزیشن حاصل کی۔ علاوہ ازیں مقابلہ نظم گوئی اور تقریری مقابلہ میں بھی جامعہ علوم اثریہ کے طلباء نے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔

© rasailojaraid.com